جائزہ

برائے تیسری سہ ماہی

۱۔ دیے گئے جُملے پڑھیے اور دُرست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

(ا) ریل گاڑی چلتی ہے:

○ سڑک پر ○ پانی پر ○ پتّھروں پر ○ پٹڑی پر

(ب) شاکر رہتا ہے ایک خُوب صورت:

○ درخت پر، ○ شہر میں ○ گاؤں میں ○ وادی میں

(ج) علّامہ محمّد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ پیدائش ہے:

○ ۱۰/ نومبر ○ ۲۰/ نومبر ○ ۹/ نومبر، ○ ۱۹/ نومبر

(د) قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ پڑھنے کے لیے گئے:

○ جاپان ○ جرمنی ○ انگلستان ○ تُرکی

(ہ) نشانِ حیدر حاصل کرنے والے شُہدا کی تعداد ہے:

○ بارہ ○ گیارہ ○ دس ○ نو

۲۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

(ا) پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز کون سا ہے؟

(ب) نظم ''ایک پہاڑ اور گلہری'' ہمیں کیا سکھاتی ہے؟

(ج) فصل کٹتی ہے تو شاکر کے بابا کیا کرتے ہیں؟

(د) ریل گاڑیاں کس کے مطابق چلتی ہیں؟

(ہ) شاکر کی امی گائے کے دودھ سے کیا بناتی ہیں؟

۴۔ دیے گئے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیے۔

ناخن	ڈانٹ	خفا	بِلّی	سیب

۵۔ دیے گئے جُملوں میں سے زمانہ پہچان کر جُملے دُرست کالم میں لکھیے۔

جُملے	زمانہ ماضی	زمانہ مستقبل
کل بہت تیز بارش ہوئی تھی۔		
میں اور نانی لاہور جائیں گے۔		
بانو بازار گئی تھی۔		
ہم گاجر کا حلوا کھائیں گے۔		
ساجد نئی کہانی پڑھے گا۔		
دادا مٹھائی لائے تھے۔		

٦۔ دیے گئے اسمِ ضمیر کو جُملوں میں استعمال کیجیے۔

اسمِ ضمیر	جُملے
میں	
وہ	
ہماری	

۷۔ خالی جگہوں میں ہندسے اور الفاظ لکھ کر گنتی مکمل کیجیے۔

ایک		تین		پانچ			آٹھ		دس
	۲		۴		۶			۹	
	بارہ	تیرہ		پندرہ		سترہ		انّیس	
			۱۴		۱۶		۱۸		۲۰

۷۔ دیے گئے عنوان پر پانچ جملے لکھیے۔

کرکٹ